ہندوستان کا نمبر ایک اردو اخبار
روزنامہ راشٹریہ سہارا
Roznama Rashtriya Sahara Patna
پٹنہ، 27/جون 2007: بدھ مطابق 11

اقلیت ہریجن سماج کلیان کیندر کے تحت ایوارڈ

مظفر پور، 26/جون (پریس ریلیز) یوم انسداد منشیات کے موقع پر اقلیت اور ہریجن سماج کے تحت ایک خصوصی ایوارڈ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا افتتاح مقامی ایم ایل اے وبجندر چودھری نے کی۔ اس موقع پر مہمان خصوصی ضلع پریشد کی چیئر پرسن محترمہ کرن دیوی اور کارپوریشن کے نائب میئر نثار الدین (چھوٹے) ڈاکٹر پروفیسر دنیش کمار سنہا، پرنسپل ایس کے ایم سی ایچ ڈاکٹر آنند گوتم، بہار وکاس پریشد کے محمد توقیر عالم، متھلا وکاش آشرم کے سکریٹری تنویر عالم، چائلڈ سنٹر کے فیروز عالم اور منجو کیڈیا وغیرہ شامل ہوئے۔ اس پروگرام میں ادارہ کے سکریٹری حافظ محمد توحید خاں کے علاوہ دیگر لوگوں نے اہم رول ادا کیا۔ یوم انسداد منشیات پر نشے کی برائیوں کو اجاگر کیا۔ اس کے علاج پر زور دیا۔ اس موقع پر پندرہ اسمیک مریضوں کو علاج کے بعد اعزاز سے نوازا گیا۔ اس پروگرام میں بچوں کے ذریعہ ثقافتی پروگرام پیش کیے گئے۔ ضلع پریشد کی چیئر پرسن نے کہا کہ نشہ ایک عادت نہیں بلکہ ایک بیماری ہے۔ اس کو ختم کرنے کے لیے خواتین کو آگے آنا چاہئے۔ آخر میں ادارہ کے سکریٹری حافظ محمد توحید خاں نے شکریہ کے ساتھ پروگرام کا اختتام کیا۔ اس موقع پر 52 افراد کو اعزاز سے نوازا گیا۔ تحریک آزادی کے تحت گوپال جی مشرا، میڈیا میں اہم خدمات کے لیے شمشاد (ہندوستان) اور شمس تبریز (روزنامہ راشٹریہ سہارا)، سماجی خدمات میں کائنات فردوس، سید ماجد حسین، سمیرہ خاتون، اقبال قریشی کو اعزاز سے نوازا گیا۔